فوری ریلیز کے لیے: 23/9/2022 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا بھوک کے خلاف اقدامات کا مہینہ منانے کے لیے ریاستی اقدامات کا اعلان

نیو یارک کو غذا دینے کی پہل کاری کے تحت نیو یارک کے کھیتوں کی کی 50 ملین پاؤنڈ سے زیادہ مصنوعات خریدی گئیں، جس سے ضرورت مند خاندانوں کو تقریباً 50 ملین کھانے مل رہے ہیں

23 ستمبر 2022 کو بھوک کے خلاف اقدامات کرنے کا دن منانے کے لیے اہم ریاستی عمارات کو نارنجی رنگ میں روشن کیا جائے گا

نیو یارک کے فوڈ بینک غذائی مہمات، تقسیم کاریوں اور مزید بہت کچھ کر کے اس مہینے کو مناتے ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیو یارک میں بھوک کے خلاف اقدامات کا مہینہ منانے کے لیے کیئے گئے اقدامات کا اعلان کیا، جو ہر ستمبر میں خوراک کے عدم تحفظ کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور لوگوں کو بھوک کے خلاف جنگ میں حصہ لینے کی ترغیب دینے کے لیے منایا جاتا ہے۔ یہ مہینہ ریاست کی نیو یارک کو غذا دینے کی پہل کاری کے لیے کئی سنگ میلوں کی نشاندہی کرتا ہے، جو کہ عالمی وباء کے دوران نیو یارک کے کسانوں کی مدد کرتے ہوئے ضرورت مند لوگوں کو زیادہ سے زیادہ خوراک دلوانے کے لیے شروع کیا گیا تھا۔ پروگرام نے اب فوڈ بینکوں کو نیو یارک کے کھیتوں کی 50 ملین پاؤنڈ سے زیادہ کی مصنوعات کی خریداری میں مدد کی ہے، جس سے خوراک کے عدم تحفظ کا سامنا کرنے والے خاندانوں کے لیے تقریباً 50 ملین کھانے میز پر رکھے گئے ہیں۔

گورنر Hochul نے کہا، "نیو یارک کے بہت سے مکین اپنے دسترخوان کو کھانے سے سجانے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، اور پچھلے کچھ سالوں نے خاندانوں کے لیے اس مسئلے کو مزید بڑھا دیا ہے۔ ہماری ریاستی ایجنسیاں اور ریاست بھر میں شراکت دار تنظیمیں نیو یارک کو غذا دینے جیسے پروگراموں کے ذریعے غذائی عدم تحفظ سے لڑنے کے لیے سخت محنت کر رہی ہیں، اور بھوک کے خلاف اقدامات کرنے کا مہینہ بیداری پیدا کرنے اور ان کی محنت کو پہچاننے کا بہترین وقت ہے۔ نیو یارک کے مکین ہمیشہ ضرورت کے وقت مدد کرتے ہیں، اور میں ہر ایک کو بھوک کے خلاف اقدامات کے اس مہینے میں اپنے مقامی فوڈ بینکوں کے ساتھ شامل ہونے کی ترغیب دیتی ہوں"۔

گورنر نے یہ بھی اعلان کیا کہ 23 ستمبر بروز جمعہ کو منائے جانے والے بھوک کے خلاف اقدامات کے دن پر ریاستی عمارات کو نارنجی رنگ میں روشن کیا جائے گا، تاکہ اس اہم مسئلے کے بارے میں بیداری پیدا کی جا سکے اور ہمارے علاقوں میں بھوک سے نمٹنے کے لیے نیو یارک کے مسلسل عزم کا عہد کیا جا سکے۔ ریاست بھر میں فوڈ بینک بھی اس مہینے کو خوراک کی تقسیم، غذائی مہمات اور دیگر تقاریب کے ساتھ منا رہے ہیں، جس سے نیو یارک کے تمام شہریوں کو اس میں شامل ہونے کا موقع مل رہا ہے۔

نیو یارک کو غذا دینا

نیو یارک کو غذا دینا پہل کاری نیو یارک کے ہنگامی خوراک فراہم کرنے والوں کو نیو یارک کے کسانوں اور ڈیری مصنوعات تیار کرنے والوں سے اضافی مصنوعات خریدنے کے قابل بناتا ہے تاکہ انہیں نیو یارک کے فوڈ بینکوں اور ہنگامی خوراک فراہم کرنے والوں کے نیٹ ورک کے ذریعے نیو یارک کے ضرورت مند خاندانوں تک پہنچایا جا

سکے۔ مئی 2020 میں عالمی وباء کے عروج کے دوران اپنے آغاز کے بعد سے، نیو یارک کو غذا دینا پہل کاری نے نیویارک کے فوڈ بینکوں کے نیٹ ورک اور ہنگامی خوراک فراہم کرنے والوں کو مقامی کسانوں سے 57 ملین پاؤنڈ سے زیادہ خوراک خریدنے اور ریاست بھر کے علاقوں کو 47.7 ملین سے زیادہ کھانوں کی فراہمی کے لیے $96 ملین دیے ہیں۔ فنڈز کا اکتیس فیصد ڈیری مصنوعات پر، انتیس فیصد پیداوار پر اور چالیس فیصد دیگر مصنوعات بشمول گوشت، انڈے اور سمندری غذا پر خرچ کیا گیا ہے۔

نومبر 2021 میں، گورنر Hochul نے مسودۂ قانون S.4892-A/A.5781-A پر دستخط کیے تھے جس میں نیو یارک کو غذا دینا پروگرام کو مستقل طور پر ریاستی قانون میں شامل کیا گیا۔ فنڈنگ کے پانچ ادوار کے ذریعے نیو یارک کو غذا دینا پہل کاری کے لیے کل $147 ملین کا عہد کیا گیا ہے۔ پروگرام ریاست کے ہنگامی خوراک فراہم کرنے والوں کو نیو یارک کی زرعی مصنوعات، جیسے دودھ، دہی، پنیر، کاٹیج پنیر، اور گوشت، سمندری غذا اور انڈے خریدنے میں مدد کے لیے براہ راست فنڈز فراہم کرتا ہے۔ یہ نیو یارک کے مکینوں کو ان اشیاء کی ترسیل کے لیے بڑی ڈرائیو تھرو ڈسٹری بیوشنز، فوڈ باکس اور سکول کے کھانے کے پروگرام، فوڈ پینٹریز، اور سوپ کچن کے ذریعے بھی فنڈ فراہم کرتا ہے۔

اس کے علاوہ، یہ پروگرام ریاست کے کسانوں اور پیداواریوں کی مدد کرتا ہے جو عالمی وباء کی وجہ سے اپنی مصنوعات کی منڈیوں سے محروم ہو گئے ہیں۔ فوڈ بینکوں کی خریداریوں کے ذریعے آج تک خوراک و زراعت کے 4,320 کاروبار متاثر ہوئے ہیں۔

اہم ریاستی عمارات نارنجی میں روشن

بھوک کے خلاف اقدامات کے دن اور بھوک کے خلاف اقدامات کے مہینے کو منانے کے لیے جمعہ 23 ستمبر کو اہم ریاستی عمارات کو نارنجی رنگ سے روشن کیا جائے گا۔ یہ لگاتار چوتھا سال ہے جب ریاست نیو یارک اپنی اہم عمارات کو نارنجی رنگ میں روشن کر رہی ہے، جو کہ پہلے فوڈ سٹیمپ کا رنگ تھا اور اسے بھوک سے متعلق امدادی تنظیموں کی جانب سے بھوک سے متعلق آگاہی کی نمائندگی کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

بھوک کے خلاف اقدامات کے مہینے کو منانے کے لیے اہم ریاستی عمارات جو نارنجی رنگ میں روشن ہوں گی ان میں شامل ہیں:

- گورنر ماریو ایم کیومو برج
- کوزی اوشکو برج
- دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ
- الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ
- ایمپائر سٹیٹ پلازہ
- سٹیٹ فیرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر
- نیاگرا فالز
- "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج
- البانی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے
- لیک پلیسڈ اولمپک جمپنگ کمپلیکس
- لیک پلیسڈ اولمپک سینٹر
- MTA LIRR - Penn سٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے
- ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ پل

ریاست نیو یارک ایک طویل عرصے سے بھوک کے خلاف جنگ کے لیے پُرعزم رہی ہے۔ حالیہ برسوں میں ریاست نے صحت مند، مقامی طور پر اگائی جانے والی غذاؤں تک رسائی کو بہتر بنانے اور نیویارک میں اگائی جانے والی خوراک اور مشروبات کو پسماندہ علاقوں تک پہنچانے کے لیے کئی اہم ابتدائی پروگراموں کا آغاز کیا ہے۔ ابھی حال ہی میں، نیو یارک میں کھیتوں اور سکولوں کو بہتر طور پر مربوط کرنے کے اپنے ریاستی عہد کے ایک جزو کے

طور پر، گورنر Hochul نے محکمۂ زراعت اور منڈی جات کو ہدایت کی کہ وہ 30 فیصد NYS پہل کاری کی انتظامیہ میں رہنمائی کرے تاکہ ریاست بھر میں پروگرام میں شرکت کو بڑھایا جا سکے۔ یہ پہل کاری کسی بھی ضلع کے لیے دوپہر کے کھانے کے لیے وصول کیے جانے والے معاوضے کو 5.9 سینٹ فی کھانے سے بڑھا کر 25 سینٹ فی کھانا کر دیتی ہے جو نیو یارک کے فارموں سے اپنے سکول کے لنچ پروگرام کے لیے کم از کم 30 فیصد اجزاء خریدتا ہے۔ ایک اور حالیہ سنگ میل ریاست کے غذائی عطیات اور ضائع ہونے والی خوراک کو دوبارہ کارآمد بنانے کے قانون کے جاری نفاذ کے ایک جزو کے طور پر نیو یارک کے بھوک کے شکار مکینوں کے لیے عطیہ کردہ 10 لاکھ پاؤنڈ خوراک ہے، جو لینڈ فلنگ کی وجہ سے فضلے اور آب و ہوا کو تبدیل کرنے والے اخراج کو کم کرنے کے لیے ریاست کی کوششوں پر استوار ہے، جبکہ نیو یارک کے ضرورت مندوں کو معیاری کھانا فراہم ہو۔

دی کونسل آن ہنگر اینڈ فوڈ پالیسی ریاستی پالیسی سازوں کو اس بارے میں مہارت فراہم کرنے کے لیے جمع ہوتی کہ بھوک سے کیسے نمٹا جائے اور ریاست نیو یارک کے مکینوں کے لیے صحت مند، مقامی طور پر اگائی جانے والی خوراک تک رسائی کو بہتر بنایا جائے۔ نیو یارک کو غذا دینے کے پروگرام کے قیام کے دوران کونسل کا کام انتہائی اہم تھا، جس کی بدولت بھوک سے نمٹنے کے پروگراموں اور خوراک پیدا کرنے اور سپلائی کرنے والوں کے درمیان تعلقات اور تعاون کو مضبوط بنانے پر توجہ دی گئی۔ کونسل اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہے اور عوام کی حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ وہ بدھ 28 ستمبر کو بھوک، غذائیت اور صحت پر وائٹ ہاؤس کی کانفرنس دیکھیں۔

خوراک کی تقسیم کی تقاریب

مزید برآں، ریاست نیو یارک کے 10 علاقائی فوڈ بینکوں میں سے ہر ایک اس ماہ اپنے اپنے طریقے سے بھوک کے خلاف اقدامات کا مہینہ منا رہا ہے، جس سے نیو یارک کے مکینوں کو اپنے علاقوں میں عملی طور پر شامل ہونے کا ایک بہترین موقع مل رہا ہے۔ منصوبہ بندی کردہ سرگرمیوں میں خوراک کی تقسیم، غذائی مہمات، اور دیگر سماجی تقاریب شامل ہیں تاکہ ان کے بھوک سے نجات کے مشنوں میں مدد کی جا سکے۔ کچھ مثالوں میں شامل ہیں:

- **فوڈ بینک آف دی سدرن ٹائر** "لیڈر آف دی پیک" فنڈ ریزر اور مجازی غذائی مہم کی میزبانی کر رہا ہے، جو فوڈ بینک آف دی سدرن ٹائر کے لیے فنڈز اکٹھا کرنے کے لیے مقامی کاروباری اداروں کو اکٹھا کرتا ہے۔ حصہ لینے والی تجارتی شراکت دار ٹیمیں تیز ترین وقت میں سب سے زیادہ بستے پیک کرنے کا مقابلہ کرتی ہیں جبکہ اپنے خصوصی طور پر تیار کردہ مجازی سٹور کے ذریعے سب سے زیادہ چندے بھی اکٹھا کرتی ہیں۔
- **فوڈ لنک** نے اس ماہ کے اوائل میں انسداد بھوک کے وفاقی قانون، جیسے سکول کے عالمگیر کھانے اور صحت مند کھانا، صحت مند بچے ایکٹ، کی وکالت کرنے کے لیے کانگریس کے رکن Joseph Morelle کے ساتھ ایک میڈیا پروگرام کی میزبانی کی۔ فوڈ لنک کا سالانہ موسمِ خزاں کا فنڈ ریزر، فیسٹیول آف فوڈ بھی 2019 کے بعد پہلی بار شہر کی پبلک مارکیٹ میں واپس آیا۔
- **جزیرہ ہارویسٹ** نے بھوک کے خلاف اقدامات کے مہینے کا ایک تعاملی کیلنڈر جاری کیا جس میں واقعات اور تجاویز ہیں کہ لوگ کس طرح بیداری پیدا کر سکتے ہیں اور غذائی عدم تحفظ کے خلاف جنگ میں مقامی طور پر شامل ہو سکتے ہیں، بشمول ایک ماہ طویل "بلڈ اے باکس" غذائی مہم کی سرگرمی۔
- **Long Island Cares, Inc. - The Harry Chapin علاقائی فوڈ بینک** بھوک کے خلاف اقدامات کا دن منانے کے لیے لانگ آئی لینڈ کی Hauppauge انڈسٹریل ایسوسی ایشن کے ساتھ شراکت کر رہا ہے۔ کئی تجارتی ادارے جو HIALI کے رکن ہیں انہوں نے لانگ آئی لینڈ کیئرز کی کفالت کرنے کے لیے فی ملازم $10.00 عطیہ کیے ہیں اور ایک گروپ فوٹو کے لیے بھوک کے خلاف اقدامات کے دن پر اکٹھے ہوں گے۔

فوڈ بینک بھی نیو یارک کے مکینوں کو بھوک کے خلاف اقدامات کے دن پر نارنجی رنگ پہننے کی ترغیب دے رہے ہیں اور سوشل میڈیا پر پوسٹ کر رہے ہیں تاکہ اس وجہ کے بارے میں آگاہی پیدا کی جا سکے۔ وہ لوگ جو کھانا تلاش کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں یا اپنے مقامی فوڈ بینک کے ساتھ رضاکارانہ خدمات انجام دینے میں دلچسپی رکھتے ہیں وہ مزید جاننے کے لیے فیڈنگ نیو یارک سٹیٹ کی ویب سائٹ پر جا سکتے ہیں۔

محکمۂ زراعت و منڈی جات کے کمشنر Richard A. Ball نے کہا، "بھوک کے خلاف اقدامات کا مہینہ ہمارے علاقوں کو درپیش غذائی عدم تحفظ کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے اور ریاست بھر کے لوگوں کو اس میں شامل ہونے کی ترغیب دینے کا ہمارا سالانہ موقع ہے۔ یہاں شعبے میں، ہم ہر روز سخت محنت کرتے ہیں تاکہ بھوک کا مقابلہ کیا جا سکے اور نیو یارک کے تمام مکینوں کی میزوں پر مزید کھانا پہنچایا جا سکے۔ مجھے فخر ہے کہ ہمارا نیو یارک کو غذا دینا پروگرام اب ہمارے فوڈ بینکوں کے نیٹ ورک کے ذریعے ضرورت مند لوگوں کے لیے تقریباً 50 ملین کھانے پہنچا چکا ہے، جبکہ ہمارے کسانوں کی صحت مند، فارم کی تازہ مصنوعات کی خریداری کے ذریعے مدد کر رہا ہے۔ یہ حقیقتاً پُرجوش ہونے والی بات ہے"۔

دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا، "ہماری ریاست میں اب تک بہت سارے گھرانے غذائی عدم تحفظ سے دوچار ہیں – یہ ایک افسوسناک حقیقت ہے جسے ہم عام ہونے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ بھوک کے خلاف اقدامات کا مہینہ ہم سب کو یاد دلاتا ہے کہ ابھی مزید کام کرنا باقی ہے۔ نیو یارک کو غذا دینا جیسے پروگراموں کے لیے گورنر Hochul کی غیر متزلزل حمایت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ان کی حقیقی وابستگی کا اظہار ہے کہ نیو یارک کے تمام مکین اپنے اور اپنے پیاروں کے لیے صحت مند، غذائیت سے بھرپور کھانا فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں"۔

ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey نے کہا، "نیو یارک کا ہر مکین مستحق ہے کہ سستی، صحت بخش خوراک اس کی دسترس میں ہو اور وہ یہ جان سکے کہ اس کا اگلا کھانا کہاں سے آ رہا ہے۔ سینیٹ کی زرعی کمیٹی کی چیئر کے طور پر، میری ترجیح ہمیشہ نیو یارک کے کسانوں کی طرف سے اگائی جانے والی غذائیت سے بھرپور خوراک اور غذائی عدم تحفظ کا سامنا کرنے والے مقامی خاندانوں کے درمیان نقطوں کو جوڑنا رہی ہے، ہمارا نیو یارک کو غذا دینا بل ـــ خوراک تک رسائی کے لیے ایک خطِ حیات ـــ اسی طرح بنایا گیا تھا۔ ہم بھوک کے بحران کو ختم کرنے کے حل کی راہ پر گامزن رہیں گے، اور میں سب کے لیے زیادہ مساوی خوراک کے نظام کی تعمیر میں ان کی شراکت داری کے لیے گورنر Hochul کی شکر گزار ہوں"۔

رکنِ اسمبلی Donna Lupardo نے کہا، "میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گی کہ انہوں نے بھوک کے خلاف اقدامات کے مہینے کے دوران ہمارے کامیاب نیو یارک کو غذا دینا پروگرام کو اجاگر کیا۔ پروگرام نے فوڈ بینکوں اور ہنگامی خوراک فراہم کرنے والوں کو نیو یارک کے پیداواریوں سے لاکھوں ڈالر کی اضافی خوراک خریدنے کے قابل بنایا ہے۔ نیو یارک کے زرعی شعبے کو ریاست بھر میں غذائی عدم تحفظ سے نمٹنے میں اہم کردار ادا کرنے پر فخر ہے"۔

بھوک سے پاک امریکہ کے سی ای او Joel Berg نے کہا، "ریاست نیو یارک کے بیس لاکھ مکین، جو ریاست کے ہر دیہی، مضافاتی اور دیہاتی کونے میں پھیلے ہوئے ہیں - بشمول کام کرنے والے، بزرگ، بچے، سابق فوجی، اور معذور افراد - ایسے گھروں میں بستے ہیں جہاں غذا کے معاملے میں عدم تحفظ ہے، جو ہمیشہ کافی خوراک کے متحمل ہونے سے قاصر ہیں۔ بھوک کے خلاف اقدامات کا یہ مہینہ، بھوک کے خاتمے کے لیے درکار پالیسیاں بنانے اور ان پر عمل درآمد کے لیے ہماری اجتماعی کوششوں کو دوبارہ وقف کرنے دیتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ غربت میں کمی، معاشی مواقع کو وسعت دے کر، اور مناسب سرکاری حفاظتی نیٹ پروگراموں کو یقینی بنا کر ہر کوئی غذائیت سے بھرپور خوراک کا متحمل ہو سکے"۔

نیو یارک فارم بیورو کے صدر David Fisher نے کہا، "نیو یارک کو غذا دینا ایک قابلِ قدر پروگرام ہے جو کسانوں کو ریاست بھر کے علاقائی فوڈ بینکوں اور ایمرجنسی پینٹریوں سے جوڑتا ہے۔ مارکیٹ کے مواقع جو یہ فراہم کرتا ہے وہ کاشتکاروں اور نیو یارک کے ضرورت مند مکینوں دونوں کے لیے خطِ حیات کا کام کرتا ہے، خاص طور پر جب رسدی سلسلے میں رکاوٹیں ہوں۔ بھوک کے خلاف اقدامات کا مہینہ نیو یارک میں ایک مضبوط زرعی نظام کو برقرار رکھنے کی اہمیت کی ایک بڑی یاددہانی ہے تاکہ ہماری ریاست کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے اور ہمارے کسانوں کے اس عزم کو یقینی بنایا جائے کہ تازہ، مقامی طور پر تیار کردہ خوراک نیو یارک کے ہر مکین کی دسترس میں ہو۔ ہم گورنر Hochul کی جانب سے نیو یارک کو غذا دینا پروگرام کے مسلسل تعاون اور جو کچھ بھی یہ فراہم کرتا ہے اسے سراہتے ہیں"۔

فیڈنگ نیو یارک سٹیٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Dan Egan نے کہا، "ریاست نیو یارک سرکاری فوڈ بینکوں اور بھوک کے خلاف سرگرمِ عمل دیگر تنظیموں کو نیو یارک کو غذا دینا، بھوک سے بچاؤ اور غذائی امدادی پروگرام، اور فوڈ ویسٹ ریکوری کے منصوبوں کے ذریعے اہم مدد فراہم کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہمیں کسی بھی غلط عقیدے سے لازماً بچنا چاہیے کہ بحران ختم ہو گیا ہے: اگرچہ ہم اب COVID لاک ڈاؤن میں نہیں ہیں، خیراتی خوراک کی ضرورت بہت زیادہ ہے۔ مہنگائی نے ہمارے پڑوسیوں اور ہمارے اپنے کام کو متاثر کیا ہے۔ ہم خوش قسمت ہیں کہ ریاستی حکومت میں عظیم شراکت دار ہیں۔ گورنر Hochul کی قیادت ہمیں اپنے بھوکے پڑوسیوں کی مدد کے لیے نیو یارک میں پیدا کردہ لاکھوں پاؤنڈ کا اعلیٰ معیار کا کھانا فراہم کرنے کے قابل بناتی ہے۔ ہم کسانوں، فوڈ بینکوں اور بھوکے لوگوں کو ایک مؤثر اور نتیجہ خیز پروگرام میں منسلک کر رہے ہیں۔ ہم اس دن کے منتظر ہیں جب ہمارے تمام پڑوسیوں کے پاس محفوظ خوراک کی فراہمی ہو گی اور ہمارے کام کی مزید ضرورت نہیں رہے گی۔ جب تک وہ دن نہیں آجاتا، فوڈ بینکوں کے لیے مسلسل تعاون ناگزیر ہو گا"۔

لانگ آئی لینڈ کیئرز، انکارپوریٹڈ کے چیف گورنمنٹ آفیسر Michael Haynes نے کہا، "بھوک کے خلاف اقدامات کے اس مہینے میں، لانگ آئی لینڈ کیئرز، انکارپوریشن۔ ہیری چیپین فوڈ بینک (Harry Chapin Food Bank) فوڈ بینکوں اور غذائی عدم تحفظ کی شکار جن آبادیوں کو ہم خدمات فراہم کرتے ہیں ان کے لیے زیادہ معاونت کی وکالت کرنے میں فیڈنگ امریکہ اور فیڈنگ نیو یارک سٹیٹ کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے پر فخر کرتا ہے۔ اگلے ہفتے ہم عملے، رضاکاروں، ایجنسیوں اور ذاتی تجربہ رکھنے والے افراد کے لیے بھوک، غذائیت اور صحت سے متعلق وائٹ ہاؤس کانفرنس میں عملی طور پر شرکت کرنے کے لیے ایک مقامی واچ پارٹی کا انعقاد کر رہے ہیں۔ ہم یہ دیکھ کر بہت پُرجوش ہیں کہ یہ کانفرنس کس طرح ملک کے بھوک مٹانے کے حامیوں کو جوش دلائے گی اور ہم سنہ 2030 تک بھوک سے پاک امریکہ کو یقینی بنانے کے لیے درکار کام کرنے کے منتظر ہیں"۔

فوڈ لنک کی صدر اور سی ای او Julia Tedesco نے کہا، "نیو یارک کو غذا دینا پروگرام کی فنڈنگ فوڈ لنک اور ہمارے علاقائی شراکت داروں کے لیے معاونت کا ایک اہم ذریعہ رہا ہے تاکہ ہم مقامی کاشتکاروں کی مدد کر سکیں جب کہ نیو یارک کے لاکھوں لوگوں کے لیے صحت مند کھانا دستیاب ہو۔ ہم ضرورت کو تسلیم کرنے اور عالمی وباء کے ردِعمل میں اس پروگرام کو ریاستی بجٹ کے اندر مستقل قانون سازی میں تبدیل کرنے پر ریاستی عہدیداروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں"۔

لانگ آئی لینڈ میں مقیم آئی لینڈ ہارویسٹ فوڈ بینک کی صدر اور سی ای او Randi Shubin Dresner نے کہا، "بہت سے امریکی خوراک، ایندھن اور دیگر ضروری اشیاء کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے معاشی دباؤ محسوس کر رہے ہیں، جس کی وجہ سے انہیں مشکل فیصلے کرنے پڑ رہے ہیں، جیسے کہ کھانا خریدنا یا اپنی کاروں میں ایندھن بھرنے کے لیے ادائیگی کرنا، یا یوٹیلیٹی بل ادا کرنا۔ بھوک کے خلاف اقدامات کا مہینہ نیو یارک کے مکینوں کے لیے عطیہ کر کے، رضاکارانہ طور پر، یا وکالت کے ذریعے بھوک ختم کرنے میں مدد کے لیے متحرک ہونے کا وقت ہے۔ ہم گورنر Hochul کو ان کی قیادت اور نیو یارک کو غذا دینا جیسے پروگراموں کی حمایت کے لیے سراہتے ہیں جو اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرتے ہیں کہ نیو یارک کا کوئی بھی مکین بنیادی انسانی حق جیسے کہ خوراک کے بغیر نہ رہے"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418